
# ڈسڑکٹ پبلک سکول اینڈکالج دیپالپور

## پہلی میعاد

## اُردْوجماعت: چہارم



نام:طالبعلم: -----------

سیکشن: -----------

رول نمبر: -----------


دن:جمعرات تاریخ: ۱۸،جون۲۰۲۰ ء

عنوان: آ و پڑھنا سیکھیں


لنک:ٹیوٹرhttps://youtu.be/iIGE_aCB66I

تدریسی مقصد: بچونکو حروف تہجی ترتیب سے لکھنا سکھانا۔

حروف تہجی آدھی اشکال میں لکھیں ۔



مشق کریں:



https://youtu.be/iIGE_aCB66I

دستخط والدین:

عنوان: حروف ملا کرلفظ بنانا

تدریسی مقصد: حرف کے ساتھ لفظ بنانا سکھانا

ب +ل ــــــــــــــــــــ

ب+ل ــــــــــــــــــــ

ت+ب ــــــــــــــــــــ

ت+ر ــــــــــــــــــــ

ج+ب ــــــــــــــــــــ

ج+س ــــــــــــــــــــ

خ+ط ــــــــــــــــــــ

عنوان کی مشق کریں

تدریسی مقصد 'و' کے ساتھ خالی جگہ پر کریں۔

م+و+ر ____________

ن+و+ٹ____________

ط+و+ط+ا ____________

لنک: ٹیوٹر https://youtu.be/pHkZfcEB3lA

"ی" کی مشق کریں۔

ی کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

ب+ی+س ____________

چ+ی+ل ____________

ب+و+ر+ی ____________

"ے" کی مشق کریں۔

ا+ے+ ک ____________

ڈ+ے+ ر ____________

ب+ا+ج+ ے ____________

دستخظ والدین:

دن جمعہ تاریخ 19

عنوان: ارکان ملا کرالفاظ بنانا

گ+ا+ء+و____________________

بھ+ ا+ء+ و____________________

س+ا+ء+ے ____________________

ٹیوٹر لنک: https://youtu.be/CvC3uT4zffs

عنوان: زیر ، زبر


| | | | |
|---|---|---|---|
| کام | ک+ا+م | ک+م | |
| بال | ب+ا+ ل | ب+ل | |
| چال | چ+ا+ل | چ+ل | |
| باجا | ب+ا+ج+ ا | ب+ج | |
| بھاری | بھ+ا+ر + ی | بھ+ر + ی | |

عنوان: زیر مشق کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| دین | د+ی+ن | د+ن | |
| گیلا | گ+ی+ل+ ا | گ+ل+ا | |
| چھیل | چھ+یہ+ل | چھ+ل | |
| بھیڑ | بھ+ی+ڑ | بھ+ڑ | |
| سیکھا | س+ی+ک+ھ+ا | س+ک+ھ+ا | |

سرگرمی

پرندون اور جانوروں کے نام لکھیں-اور رنگ بھریں-



والدین: دستخط

دن ہفتہ تاریخ 20

عنوان: اسم ، فعل، مفعول

قواعد: اسم ، فعل ، مفعول ، اور فاعل کا تعارف اور مشق کریں۔

تعارف: کسی بھی چیز کےنام کو اسم کہتے ہیں۔

ان جملوں میں سے اسم کے گرد دائرہ بنائیں۔

1 ۔ علی نے کتاب پڑھی۔

2۔ لاہور ایک خوبصورت شہر ہے۔

3۔فاطمہ نے سرخ جوتے پہنے۔

4۔ ملتان کے آم مشہور ہیں۔

5۔چڑیا دانہ چگتی ہے۔

عنوان: فعل

فعل کا مطلب ہے کام

ان جملوں میں فعل کے گرد دائرہ بنائیں۔

1۔ احمد چاول کھاتاہے۔

2۔ عاقب نے دودھ پیا۔

3۔ یاسر تیز دوڑتا ہے۔

4۔فائزہ اونچا بولتی ہے۔

5۔ عالیہ خط لکھتی ہے۔

عنوان : فاعل

تعارف: فعل کامطلب ہے کام ۔ کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔ہ

نیچے دیئے گئے جملوں میں فاعل کے گرد دائرہ لگائیں۔

1۔ ثانیہ نے کھانا پکایا۔

2۔ عالیہ نے کہانی پڑھی۔

3۔ امی نے علی کو پڑھایا ۔

4۔ دادی نے حامد کو کہانی سنائی۔

5۔علی نے تصویر بنائی۔

دستخط والدین:

**سبق نمبر :1 حمدصفحہ نمبر ۳۲:**

لنک:ٹیوٹر https://youtu.be/XOXfxEOwbW4

https://youtu.be/0q_dB1xYhD8

https://youtu.be/dqevH0twgqs

**تدریسی مقاصد:** اللہ کی صفات کے بارے میں بتانا ،بچوں کو حمد کے مفہوم سےآگاہ کرنا

**تعارف شاعر: اختر شیرانی اس نظم کے شاعر ہیں جو اردو کے شاعر تھے آپ کا اصل نام محمد داؤد خان اختر تھا۔ان کو بچپن سے ہی شاعری کا شوق تھا۔**

دن پیر تاریخ 22

حمد (نظم)

لنک:ٹیوٹر https://youtu.be/-sty4ju7pOw

مرکزی خیال

اس نظم کا مرکزی خیال اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرنا ہے جیسے پھول اور ستاروں کا حوالہ دے کر اللہ کی حمد و ثنا بیان کرتے ہوئے شاعر کہتا کہ اللہ نے زمین کو پھولوں سے اور آسمان کو ستاروں سے سجایا ہے۔

اشعار کی تشریح

شعر: 1

نشان، علامت

یہ ہیں خدا کے نشان سارے

زمیں پہ پھول آسماں پہ تارے

مفہوم

نظم حمد میں شاعر اختر شیرانی اللہ کی حمد و ثنا بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اللہ کی شان ہے کہ اس نے زمین کو خوبصورت پھولوں سے سجایا اور آسمان کی خوبصورتی بڑھانے کے لیے ستارے بنائے ہیں جو رات کو چمکتے ہیں۔

شعر 2

سجے ، سنورے

سجے ہیں یہ کیسے پیارے پیارے

زمیں پہ پھول ، آسماں پہ تارے

مفہوم

شاعر کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کی خوبصورتی بڑھانے کے لیے زمین کو رنگ برنگے پھولوں سے سجایا ہے اور آسمان کی خوبصورتی کے لیے خوبصورت ستارے بنا دیے ہیں -

شعر 3

جلائے ، روشن کیے

یہ باغ ایسے کھلائے کس نے

چراغ ایسے جلائے کس نے

مفہوم

شاعر کہتا ہے کہ زمین پر رنگ رنگ کے خوبصورت پھول کھلا کر باغات کی رونق کس نے بڑھا دی ہے اور آسمان کو خوبصورت بنانے کے لیے ستاروں کے چراغ کس نے جلا دیے ہیں در اصل یہ سب اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں۔

شعر 4

سنوارنا ،بہتر بنانا

یہ سب خدا ہی نے ہیں سنوارے

زمیں پہ پھول ، آسماں پہ تارے

مفہوم

اس شعر میں شاعر اپنے سوال کا خود ہی جواب دے رہا ہےکہ زمین کو خوبصورت پھولوں سے اور آسماں کو خوبصورت ستاروں سے صرف میرے خدا نے سجایا ہے اس کی شان نرالی ہے۔

شعر 5

گیت ، گانا،

قدرت ، طاقت

خدا کی قدرت کے گیت گاؤ

خدا کو اپنی دعا سناؤ

مفہوم

شاعر اس شعر میں بیان کرتا ہے کہ اے لوگو!اللہ نے اتنی خوبصورتی زمین کو عطا کی ہے تو تم اس کی عظمت کے گیت گا کر اس کا شکر ادا کرو۔

شعر6

خدا کی گاتے ہیں حمد سارے

زمیں پہ پھول آسماں پہ تارے

شاعر کہتا ہے کہ اللہ کی ذات بے شک تعریف کے قابل ہے کہ اس نے زمین کو خوبصورت پھولوں سے سجا دیا اور آسماں کو ستاروں سے سجا کر اس کی خوبصورتی کو بڑھا دیا ہے زمین پر موجود پھول اور آسمان پر موجود ستارے اللہ ہی کی تعریف بیان کرتے ہیں۔

دن منگل تاریخ 23

لنک:ٹیوٹر https://youtu.be/YOh-Xb-wwO0

مشق

الفاظ کے جوڑ توڑ کی مشق کریں۔

1- ن۔ ش ۔ ا۔ ن ____________

2- ق۔د۔ر۔ت ____________

3- پ۔ھ۔و۔ل ____________

4- س۔ن۔ا۔ء۔و ____________

2۔نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کےنیچے لکیر لگائی گئی ہے۔

ان الفاظ کے معانی پر دائرہ بنائیں۔

(i)پھل اور پھول خدا کی قدرت کے نشان ہیں۔

ا۔ طاقت ب۔ ذات ج۔ رحمت

(ii) اللہ نے تاروں کی صورت میں چراغ روشن کیے۔

ا۔ شمع ب۔ سیارے ج۔ آگ

(iii) زمین پر پھولوں کے ذریعے اللہ نے زمین کو سنوارا۔

ا۔ ٹھنڈا بنایا ب۔ خوبصورت بنایا ج۔ درخت لگائے

(iv) ساری مخلوق خدا کی حمد کرتی ہے۔

ا۔ مخلوق کی تعریف ب۔ اللہ کی تعریف ج۔ دنیا کی تعریف

دن بدھ تاریخ 24

3- نیچے کچھ الفاظ دیے گئے ہیں ان الفاظ کےجملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| حمد | |

| | |
|---|---|
| سنوارنا | |
| چراغ | |
| قدرت | |
| گیت | |

4۔ خدا کی گاتے ہین حمد سارے

زمیں پہ پھول ، آسماں پہ تارے

اس شعر کو جملوں کی شکل میں لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

دن جمعرات تاریخ 25

5۔ درست الفاظ لگا کر خالی جگہ پر کریں۔

نشان، پھول ، قدرت ، باغ ، پیارے

(i) سجے ہیں یہ کیسے ________ پیارے

(ii ) یہ ہیں خُدا کے ________سارے

(iii )یہ ________ ایسے کھلائے کس نے

(iv )زمیں پہ پھول ________ آسماں پہ تارے

(v) خُدا کی ________ کے گیت گاؤ

6۔ دیے گئے جملوں کے آخر میں درست علامت لگائیں۔

(i)اللہ نے ساری کائنات بنائی ہے

(ii)کیا آپ نے اپنا کام ختم کر لیا ہے

(iii)عدیل باغ میں جا رہا ہے

(iv)صبا اپنا سبق یاد کر رہی ہے

(v)درخت کے قریب کون کھڑا ہے

نظم حمد

جائزہ: کل نمبر 20

سوال نمبر 1 ۔ مشکل الفاظ کے جوڑ توڑ بنائیں-4/

ن- ش-ا-ن-__________

ق-د-ر-ت__________

پ-ھ-و -ل -__________

س- ن-ا-ء-و __________

سوال نمبر2- دیے گئے الفاظ کے معنی لکھیں-5/

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| حمد | |
| سنوارنا | |
| قدرت | |
| چراغ | |
| سجے | |

سوال نمبر3- شعر کا مفہوم لکھیں-6/

خدا کی گاتے ہیں حمد سارے

زمین پہ پھول آسماں پہ تارے

سوال نمبر3- جملے لکھیں-5/

| الفاظ | جملے |
| --- | --- |

حمد

سنوارنا

چراغ

قدرت

گیت

سرگرمی

سوال: اوپر سے نیچے اور دائیں سے بائیں الفاظ ڈھونڈیں اور لفظ کے گرد دائرا لگائیں۔کتاب صفحہ نمبرِ:14

دستخط والدین:

دن جمعہ تاریخ 26

نعت

شاعر کا تعارف: سید نظر زیدی ممتاز اردو سکالر ،ادیب، صحافی، اردو کے ممتاز شاعر اور تاجور نجیب آبادی کے شاگرد تھے۔ان کو صدرارتی تمغہ حسن کارکردگی بھی ملا ۔

لنک:ٹیوٹرhttps://youtu.be/DFXOOD6y-rw

مرکزی خیال:https://youtu.be/-sty4ju7pOw

نظم کا مرکزی خیال یہ ہے کہ حضرت محمد ؐ دنیا کے لیے رحمت بن کر آئے ۔ اس دنیا کے لوگوں کو اپنے اخلاق سے سیدھی راہ بتائی اور لوگوں کو ایک اورنیک بنایا۔

لنک:ٹیوٹرhttps://youtu.be/MS04sZwaXb8

شعر 1

رحمت، کرم/بگڑی ،خراب

رحمت بن کر آنے والے

بگڑی بات بنانے والے

مفہوم

ہمارےپیغمبر حضرت محمّد اس دنیا کے لوگوں کے لیے رحمت بن کر آئے تھے انہوں نے لوگوں کو سیدھی راہ دکھائی سچائی کا راستہ دکھا کر ان کی بغری ہوئی حالت سنوارا وہ لوگ اللہ کی عبادت کرنے لگے اور ان کی دین اور دنیا سنور گئی ۔

شعر 2

ویرانہ ، غیر آباد، جگہ

اس دنیا کے ویرانے میں

پھول ہی پھول کھلانے والے

مفہوم

ہمارے پیغمّبر کے آنے سے پہلے یہ دنیا ویران تھی تاریکی میں ڈوبی ہوئی تھی آپ ؐنے آ کر لوگوں کو اسلام سے روشنا کر وایا اور ہر طرف اچھائی کے پھول کھلا کر لوگوں کی آخرت کو سنواردیا ۔

شعر 3

مہکائے ، خوشبو پھیلائے

اچھی باتوں کی خوشبو سے

دنیا کو مہکانے والے

حضرت محمدؐ نے اپنی اچھی باتوں سے اور اپنے اخلاق عظیم سے تمام دنیا کو متاثر کیا اور اپنے اچھے اخلاق کو خوشبو سے تمام دنیا کو مہکا دیا ۔

شعر 4

پلک، مخلوق ،

https://youtu.be/SMUmDM8IJNUٹیوٹر:لنک

ساری خلق میں سب سے اچھے

اچھائی پھیلانے والے

مفہوم

ہمارے پیغمبر ؐ نے اس دنیا سے جہالت کا خاتمہ کیا ہر ایک کو سیدھی راہ دکھائی ہر طرف اسلام کی روشنی پھیلا کر ثابت کر دیا کہ وہ دنیا میں سب سے اچھے انسان ہیں اور ان جیسا اچھا انسان دوسرا کوئی نہیں۔

شعر 5

نیک ، پاک دامن ، اچھا/ احسان ، نیکی

ایک بنایا نیک بنایا

یہ احساس فرمانے والے

مفہوم

حضور ؐ نے تمام دنیا کو نیکی کی راہ پر چلایا اور سب کو اپنے اخلاق سے ایک بنایا پہلے جو لوگ ایک دوسرے کے دشمن تھے آپ ؐ نے ان کو بھائی بھای بنا کر ان پر احسان کیا اور تمام لوگوں کو سچائی اور اخلاق کی راہ دکھائی۔

شعر6

پاک ، صاف ستھرا

ان کا پیارا نام محمدؐ

پاک نبی ؐ کہلانے والے

مفہوم

ہمارے نبی ؐ کا نام حضرت محمد ؐ ہے اور وہ نبی بن کر اس دنیا میں اللہ کا پیغام لے کر آئے اور لوگوں کو سیدھا راستہ دکھایا آپ ؐ زمانے بھر میں سچے اور امانت دار پیغمبر کہلائے۔

دستخط والدین:

دن ہفتہ تاریخ 27

مشق

1۔ مشکل الفاظ کے جوڑ توڑ کریں۔

(i)خل+ق________________

(ii)بگ+ڑی________________

(iii)وی +را+نے______________

(iv)مہ+کا+نے_________________

(v)اح+سا+ن_______________________

2۔ جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر لگائیں اور ان الفاظ کے معانی پر دائرہ لگائیں۔

(i) حضرت محمد ؐ پوری خلق کے لئے رحمت بن کر آئے۔

ا۔ انسانوں　　　ب۔ جانوروں　　　ج۔ مخلوق

(ii) ویرانے میں خوب صورت پھول کھلےہوئے تھے ۔

ا۔ سر سبز باغ　　　ب۔غیر آباد جگہ　　　ج۔اونچے پہا

(iii) حضرت محمد ؐ نے دنیا کو مہکا یا۔

ا۔ خوشبو پھیلانا　　　ب۔سر سبز بنانا　　　ج۔محنتی بنانا

(iv)انسانوں پر حضور ؐ کے بہت احسان ہیں۔

ا۔ عنایت　　　ب۔درجہ　　　ج۔عزت

(v)کاپی کی حالت بہت بگڑی ہوئی تھی۔

ا۔ صاف          ب۔خراب          ج۔پرانی

دستخط والدین:

دن پیر تاریخ 29

3۔ الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| خلق | |
| بگڑی | |
| احسان | |
| ویرانہ | |
| رحمت | |

4۔

لنک:ٹیوٹر https://youtu.be/SMUmDM8IJNU

اچھی باتوں کی خوشبو سے

دُنیا کو مہکانے والے

اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیں۔

____________________________________________

____________________________________________

____________________________________________

دستخط والدین

دن منگل تاریخ 3

.5

دونوں کالموں میں لکھے گئے الفاظ کو درست طریقے سے ملا کر نئے الفاظ بنائیں۔

| کالم 1 | کالم2 | نئے الفاظ |
|---|---|---|
| حق | ادب | |
| با | جواب | |
| خوش | حاضر | |
| لا | قسمت | |
| غیر | دار | |

-6

لنک:ٹیوٹر https://youtu.be/ZTy1UPjzVIE

دیے گئے جملوں میں سے اسم اور فعل الگ الگ کر کے لکھیں۔

| جملے | اسم | فعل |
|---|---|---|
| علی اور حماد کھیل رہے ہیں۔ | علی ، حماد | کھیل |
| اُستاد صاحب کمرے میں پڑھا رہے ہیں۔ | | |
| لڑکیاں کپڑے خرید رہی ہیں۔ | | |
| عامر کوٹ پہن رہا ہے۔ | | |
| آمنہ پھول چُن رہی ہے۔ | | |

دستخط والدین:

اچھی باتوں کی خوشبو سے دنیا کو مہکانے والے

جائزہ کل نمبر 15

سوال نمبر 1 : معنی لکھیں -5/

الفاظ معانی

خلق

بگڑی

احسان

ویرانہ

مہکانا

سوال نمبر2: الفاظ کے جملے بنائیں -5/

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| خلق | |
| بگڑی | |
| احسان | |
| ویرانہ | |
| رحمت | |

سوال نمبر3: نعت کا مرکزی خیال لکھیں-5/

دستخط والدین:

سرگرمی

سوال :نیچے دی گئی جگہوں کو پر خالی کریں-

